| تیسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب ششم: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام | سبق کا نام: حضرت نوح علیہ السلام |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حضرت نوح علیہ السلام کے حالاتِ زندگی بالخصوص کشتی والے واقعے سے آگاہ ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** **5 منٹ**

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو حضرت نوح علیہ اسلام کا مختصر تعارف دیں۔

حضرت نوح علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے عظیم نبی اور رسول تھے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ السلام کو انسانوں کی ہدایت کے لیے مبعوث فرمایا۔

**طریقہ تدریس:** **15 منٹ**

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۴۹ سے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں حضرت نوح علیہ السلام کی قوم بتوں کی پوجا کرتی تھی۔ اس نافرمان اور کافر قوم کی طرف اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کو نبی بنا کر بھیجا۔
- قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

ترجمہ: اور بے شک ہم نے نوح علیہ السلام کو اس کی قوم کی طرف بھیجا کہ میں تمہارے لیے صریح ڈر سنانے والا ہوں۔ (سورۃ ہود: آیت نمبر ۲۵)

- آپ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے چالیس برس کی عمر میں نبوت عطا کی۔ آپ علیہ السلام نے ساڑھے نو سو سال تک دعوت حق کی تبلیغ کی۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

ترجمہ: ”اور بے شک ہم نے نوح علیہ السلام کو اس کی قوم کی طرف بھیجا تو وہ اُن میں پچاس سال کم ہزار برس رہا“۔ (سورۃ العنکبوت: آیت ۱۴)

- طلبہ کو بتائیں آپ علیہ السلام نے اپنی قوم کو راہِ راست پر لانے کی بہت کوشش کی لیکن وہ ایمان نہ لائے اور بے راہ روی کا شکار رہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| مبعوث | مَب۔ عُوث | بھیجا گیا |
| مستحق | مُس۔تَ۔ حِق | حق دار |
| تلقین کرنا | تل۔ قِین | نصیحت کرنا |

**اعادہ:** **2منٹ**

سبق کا تصور مختصر اً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کا سوال (ا) طلبہ سے سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو گھر میں دہرائیں۔

**سرگرمی:** **5منٹ**

اساتذہ کرام سے حضرت نوح علیہ السلام کی تعلیمات سے متعلق معلومات حاصل کریں۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی:2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام:______ | ہفتہ:6 | تاریخ:______ | وقت:40منٹ |

| باب ششم: ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیر اسلام | سبق کا نام: حضرت نوح علیہ السلام |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- حضرت نوح علیہ السلام کے حالاتِ زندگی بالخصوص کشتی والے واقعے سے آگاہ ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کو انسانوں کی ہدایت کے لیے مبعوث فرمایا۔ آپ علیہ السلام کو آدم ثانی بھی کہا جاتا ہے۔ حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو دین حق کے سیدھے راستے پر چلنے کی تلقین کی اور انھیں بتوں کی پُوجا کرنے سے منع کیا۔ مگر نافرمان لوگوں نے آپ علیہ السلام کا نہ صرف مذاق اُڑایا بلکہ آپ علیہ السلام کو نبی ماننے سے بھی انکار کیا اور حق بات کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۴۹ سے متن کی پڑھائی کرائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں حضرت نوح علیہ السلام اپنی قوم کو ساڑھے نو سال تک اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچاتے رہے۔

اُن کی قوم انھیں طرح طرح کی اذیتیں دیتی، لیکن وہ صبر کرتے اور اُن کے لیے دُعائے خیر کرتے رہے۔ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم خاتم النبیین صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے فرمایا ”کسی نبی کو اپنی قوم کے ہاتھوں اتنی تکلیف اور اذیت نہیں پہنچی، جتنی حضرت نوح علیہ السلام کو اپنی قوم کے ہاتھوں برداشت کرنی پڑی“۔

- حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا جس کا ذکر قرآن مجید میں اس طرح ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

ترجمہ: اے میری قوم! تم اللہ کی عبادت کرو، تمھارا اُس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ بے شک میں تمھارے بارے میں ڈرتا ہوں، ایک بڑے دن کے عذاب سے۔ (سورۃ الاعراف: آیت ۵۹)

- آپ علیہ اسلام نے اپنی قوم سے یہ بھی فرمایا:

ترجمہ: میں تم تک اپنے رب کے پیغامات پہنچاتا ہوں اور میں تمھیں نصیحت کرتا ہوں اور میں اللہ کی طرف سے وہ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔ (سورۃ الاعراف: آیت ۶۲)

- طلبہ کو بتائیں اتنے سال دعوتِ تبلیغ کے باوجود سوائے چند لوگوں کے قوم نوح ایمان نہ لائی اور مسلسل دعوتِ حق کو جھٹلاتی رہی۔

- **مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| مسترد کرنا | مُس۔ت۔رَد | ٹھکرا دینا |
| تکبّر | ت۔کَب۔بُر | غرور |

**اعادہ:** **2منٹ**

سبق کا تصور مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (۲) کا سوال (۱) طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو گھر میں دہرائیں۔

**سرگرمی:** **5منٹ**

حضرت نوح علیہ السلام کی زندگی کے اہم واقعات کے بارے میں گفتگو کریں۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب ششم: ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیر اسلام | سبق کا نام: حضرت نوح علیہ السلام |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- حضرت نوح علیہ السلام کی زندگی کے اہم واقعات سے راہ نُمائی حاصل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں جب حضرت نوح علیہ السلام کی قوم نافرمانی میں حد سے گزر گئی تو اللہ تعالیٰ نے اس کافر قوم کو انجام تک پہنچانے کا ارادہ فرمایا۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو سبق کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں جب حضرت نوح علیہ السلام کی قوم نافرمانی میں حد سے گزر گئی تو آخر حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کی ہلاکت کے لیے دُعا مانگی۔ اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ السلام کی دُعا قبول فرما لی۔ پھر حضرت نوح علیہ السلام کی طرف وحی کی گئی کہ آپ علیہ السلام کی قوم سے مزید لوگ ایمان نہیں لائیں گے۔ پھر آپ علیہ السلام کو ایک کشتی بنانے کا حکم ہوا۔ چنانچہ حضرت نوح علیہ السلام دن رات کشتی بنانے میں مصروف ہو گئے۔ جب آپ علیہ السلام یہ کشتی بنا رہے تھے تو کافران کا مذاق اڑاتے تھے۔ ان کا خیال تھا کہ ہر طرف خشکی ہی خشکی ہے، یہ کشتی کہاں چلے گی۔ لیکن

حضرت نوح علیہ السلام نے ان کی باتوں کی پروا کیے بغیر اللہ تعالیٰ کے حکم سے کشتی بنانے کا عمل جاری رکھا۔

- طلبہ کو بتائیں جب عذاب کا وقت آیا تو اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کو کشتی میں اپنے گھر والوں، ایمان والوں اور ہر جانور کے ایک ایک جوڑے کو سوار کرنے کا حکم فرمایا۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ کے حکم سے ایسا طوفان آیا کہ زمین سے آسمان تک پانی پانی ہو گیا اور بلند و بالا پہاڑ بھی پانی میں ڈوب گئے۔ پھر اللہ تعالیٰ کے حکم سے طوفان کا اختتام ہوا اور زمین خشک کر دی گئی۔ حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی ایک پہاڑ "جودی" پر جا کر رُک گئی۔ حضرت نوح علیہ السلام اور اُن کے ساتھیوں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔
- طلبہ کو بتائیں حضرت نوح علیہ السلام کی زندگی سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ حق پر ثابت قدم رہیں اور راہ حق میں آنے والی ہر تکلیف کو صبر و استقامت سے برداشت کریں۔
- **مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| بھروسا | بَھ ۔ رو ۔ سا | یقین |
| ہلاک ہونا | ہَ ۔ لاک | تباہ ہونا |

**اعادہ:** **2منٹ**

سبق کا تصور مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (۲) کا سوال (۲) طلبہ سے لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی:** **5منٹ**

سوچیں اور بتائیں حضرت نوح علیہ اسلام کی زندگی سے آپ نے کیا راہ نمائی اور ہدایت حاصل کی۔